PR NO 36

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے ایڈوائزر آج جناح ہال مری میں کھلی کچہری لگائیں گے

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر آج (جمعرات) جناح ہال مری کے دفتر میں کھلی کچہری لگائیں گے جس میں وفاقی اداروں کے افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہری عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پی ٹی سی ایل، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

10 جولائی 2024ء